| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ________ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ کو باآواز بلند پڑھنے کو کہیں۔ اس کے بعد اخلاق حسنہ کا مطلب لکھیں ''اچھی عادات''۔ طلبہ سے اخلاق حسنہ کے بارے میں سوال کریں جیسے دنیا میں سب سے اچھا اخلاق کس کا ہے؟ انھیں بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بہت اچھی عادتوں کے مالک تھے قرآن مجید میں آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو بلند اخلاق کا مالک قرار دیا گیا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **20منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 36 کھولنے کی ہدایت دیں سبق کی (پہلی سطر سے بچوں سے پیار کرتے) تک پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ اس دنیا میں انسان کی ہدایت وراہ نُمائی کے لیے اپنے خاص بندے بھیجے۔ یہ خاص بندے اللہ تعالیٰ کے نیک اور سچے بندے تھے جو نبی اور رسول کہلائے۔
- انھیں بتائیں کہ حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تک اللہ تعالیٰ نے بہت سے نبی اور رسول بھیجے جنھوں نے اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچایا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد

رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین ہیں یعنی آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ کی تعلیمات ہی مکمل ہدایت کا ذریعہ ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ آپ ﷺ بچپن ہی سے اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے خلق عظیم ہونے کی گواہی ان الفاظ میں دی ہے:

اور بے شک آپ ﷺ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہیں۔ (سورۃ القلم، آیت: 4)

تختہ تحریر پر یہ ترجمہ خوش خط لکھیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ آپ ﷺ دنیا کے سب سے اچھے انسان تھے۔ آپ ﷺ کسی سے ملتے تو سلام کرنے میں پہل کرتے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنے کی اسلام میں بہت زیادہ اہمیت ہے۔
- طلبہ کو سلام کرنے کی تاکید کریں۔ گھر سے نکلتے وقت، داخل ہوتے وقت گھر والوں کو سلام کریں۔ سکول میں اپنے اساتذہ، دوسرے بچوں اور دیگر عملے گارڈز وغیرہ کو سلام کرنے میں پہل کریں۔
- طلبہ کو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی مزید اچھی عادتیں بتائیں جیسے آپ ﷺ سب کے ساتھ پیار اور محبت سے پیش آتے، بات کرتے تو نرمی سے کرتے، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے پیار کرتے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ چھوٹوں پر رحم و شفقت اور بڑوں کا ادب کرے۔ طلبہ سے پوچھیں کہ وہ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں سے کس طرح پیش آتے ہیں؟
- طلبہ کو بڑوں کا ادب کرنے کی ترغیب دلائیں۔ اور انھیں تاکید کریں کہ وہ بھی ان تمام عادتوں پر عمل کریں اور اچھا انسان بننے کی کوشش کریں۔

مشکل الفاظ پڑھانے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| اعلیٰ | اَع۔لا | بہت بلند |
| اخلاق | اَخ۔لاق | اچھا برتاؤ |
| بچپن | بَچ۔پَن | کم عمری |
| ادب | اَ۔دَب | احترام |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

تختہ تحریر پر جزو(1) کے سوالات اور ان کے جوابات خوش خط تحریر کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان کو کاپیوں پر اتاریں اور یاد کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اچھی عادتیں خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ |

درج ذیل آیت کریم میں رنگ بھریں اور ترجمہ لکھیں۔

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ (سورۃ القلم، آیت: 4)

ترجمہ: ____________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی مبارک زندگی ہم سب کے لیے بہترین نمونہ ہے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی پیروی کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت اور امانت کے متعلق معلومات پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 36 کھولنے کی ہدایت دیں سبق کو (آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اپنے کام ۔۔۔۔ حکم دیتے تھے) پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- اخلاق حسنہ تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اپنے تمام کام اپنے ہاتھ مبارک سے کرتے تھے اور گھر کے کسی کام کو کرنے میں تکلیف نہیں فرماتے تھے۔
- طلبہ سے گفتگو کریں کہ وہ کن کاموں میں اپنے گھر والوں کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟ کیا وہ اپنی چیزوں کو استعمال کے بعد ان کی صحیح جگہ رکھتے ہیں۔

- طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی مزید اچھی عادتوں کے بارے میں بتائیں جیسے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم ہمیشہ سچ بولتے اور امانتوں کی حفاظت فرماتے جو لوگ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے پاس امانت رکھواتے انھیں پورا بھروسا ہوتا کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اس امانت کا حق ادا کریں گے۔
- انھیں بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سچائی اور امانت داری کی وجہ سے اہلِ مکّہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کو 'صادق' اور 'امین' کہتے تھے۔
- تختہ تحریر پر امین نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ امین کا مطلب ہے "امانت دار"۔
- طلبہ کو امانت کا مطلب سمجھائیں جب بھی آپ کے پاس کوئی چیز رکھوائے تو وہ امانت کہلائے گی اور آپ پر فرض ہے کہ اس کی حفاظت کریں۔
- تختہ تحریر پر صادق نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ صادق کا مطلب ہے "سچ بولنے والا"
- طلبہ کو بھی سچ بولنے اور جھوٹ سے بچنے کی تاکید کریں۔

روز مرہ زندگی سے چند مثالیں دیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ درج ذیل صورت حال میں وہ ڈانٹ سے بچنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لیں گے یا سچ بولیں گے۔

⟸ اگر آپ سے اپنی بہن کا پین ٹوٹ جائے؟

⟸ اگر آپ سے اپنے دوست کی کتاب پر پانی گر جائے؟

⟸ کھیل کے دوران آپ سے گھر کی کھڑکی کا شیشہ ٹوٹ جائے؟

اسی طرح کے چند سوالات سے سچ بولنے کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو صادق اور امین پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائیں اور اس کے معنی بھی ذہن نشین کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

استاد صاحب کی مدد سے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی پانچ اچھی عادتوں کو چارٹ پر خوش خط لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں جیسے:

الف: اہلِ مکّہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو کس لقب سے پکارتے تھے؟

ب: صادق کا مطلب بتائیں؟

ج: امین سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو بتائیں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ سادہ اور پاکیزہ زندگی بسر کی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اعلیٰ اخلاق اور ظرف کے مالک تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اچھی عادتوں کو اخلاقِ حسنہ کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 37 کھولنے کی ہدایت دیں اور آخری پیرا گراف پڑھوائیں مشکل الفاظ دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اچھی عادتوں کے مالک تھے۔ انھیں بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم دنیا کے سب سے اچھے انسان اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا اخلاق سب سے اعلیٰ تھا۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخلاق حسنہ | اچھی عادتوں کے مالک | ہمیشہ سچ بولتے | وعدہ پورا کرتے |
| امانتوں کی حفاظت کرتے | ہمیشہ در گزر کرتے | دوسروں کے قصور معاف کرتے | |

- طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کبھی کسی کو تکلیف نہیں دیتے تھے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم ہمیشہ دوسروں کی مدد کرتے اور جو بھی وعدہ کرتے ہمیشہ اسے پورا کرتے۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ ہمیں اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کریں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی باتوں پر عمل کریں اور اچھے اخلاق اور عادات کو اپنی عملی زندگی میں اپنائیں۔

مشکل الفاظ پڑھانے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| پُوجا | پُو۔جا | عبادت |
| قصور | قُ۔صُور | بھول چوک۔ خطا |
| پیروی | پَے۔رَ۔وی | اطاعت |
| لوٹادینا | لوَ۔ٹا | واپس کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سبق کے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں اور جانچیں کہ سبق کی کس حد تک طلبہ کو سمجھ آگئی ہے۔

صفحہ نمبر 37 مشق کا جزو (2) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّیْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ سے متعلق کوئی ایک واقعہ استاد صاحب سے سنیں۔

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

________________________________________________

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اخلاقِ حسنہ | مضمون: اسلامیات | نام: __________ |
|---|---|---|

درج ذیل سوالات پڑھ کر 'جی ہاں' والے خانے میں رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| • | کیا آپ بڑوں کا ادب کرتے ہیں؟ | جی ہاں | جی نہیں |
| • | کیا آپ سچ بولتے ہیں؟ | جی ہاں | جی نہیں |
| • | کیا آپ اپنا وعدہ پورا کرتے ہیں؟ | جی ہاں | جی نہیں |
| • | کیا آپ دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔ | جی ہاں | جی نہیں |
| • | کیا آپ دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں۔ | جی ہاں | جی نہیں |
| • | کیا آپ اپنا ہر کام ایمان داری سے کرتے ہیں؟ | جی ہاں | جی نہیں |